روزے کے دوران ماسٹربیشن کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا روزے کے دوران ماسٹربیشن سے روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس پر کفارہ بھی واجب ہوگا یا نہیں۔اور اگر کوئی اسے ایک سے زیادہ بار کرے تو کیا اس صورت میں اس پر کفارہ واجب ہوگا یا نہیں۔

سائل:اویس فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

روزے کی حالت میں ماسٹربیشن یعنی ہاتھ سے منی نکالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا اورایسے شخص پر اس روزے کی قضا واجب ہوگی یعنی رمضان کے بعد وہ روزہ دوبارا رکھنا پڑے گا مگر اس پر کفارہ واجب نہیں ہے۔جیسا کہ صاحبِ درمختار ان صورتوں کو بیان کرتے ہوئے جن میں روزہ ٹوٹنے سے صرف قضا واجب ہوتی ہے کفارہ نہیں کہتے ہیں :**"وَکَذَا الِاسْتِمْنَاءُ بِالْکَفِّ"**اسی طرح ہاتھ سے منی نکالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا ۔

(''الدرالمختار''، کتاب الصوم، باب ما یفسد الصوم وما لا یفسدہ، ج۳، ص۴۳۱ ۔ ۴۳۹)

اور بہارِ شریعت میں ہے کہ ہاتھ سے منی نکالی یا مباشرت فاحشہ سے انزال ہوگیا تو ان سب صورتوں میں صرف قضا لازم ہے، کفارہ نہیں۔

(بہار شریعت ج1 حصہ 5 ص989)

اور جو اس گندی عادت سے روزہ توڑنے کو معمول بنا لے تو بعض علماء نے کہا کہ اس پر کفارہ بھی واجب ہوگا۔ لہذا اس ناجائز گندی عادت سے اجتناب ضروری ہے۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

THE RULING OF MASTURBATING WHILST FASTING

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

Question:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: if during the fast someone masturbated will it nullify the fast? Will it be wajib (necessary) to do kaffarah (expiation) for the fast? And if someone did this act on more than one occasion will the kaffarah be necessary or not?

Questioner: Awais from UK

Answer:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

To masturbate, the act which is to use the hand to release mani (sperm), in a state of fasting will break the fast and it is wajib for such a person to do qada (make-up) of the fast after Ramadan has ended but the kaffarah is not due upon such a person. It is written by the author of al-Durr al-Mukhtar when mentioning those acts which break the fast and only require a qada (make-up) not a kaffarah:

وَكَذَا الِاسْتِمْنَاءُ بِالْكَفِّ

"Using the hands to release mani (sperm) will nullify the fast."

[al-Durr al-Mukhtar, vol. 3, pg. 431-439]

It is mentioned in Bahāre Sharī'at that using the hand to release mani (sperm) or when the private organs of a male and female come in contact with each other [but not inserted to each other] then in these instances only qada (make-up) is necessary not the kaffarah.

[Bahāre Sharī'at, vol. 1, part. 5, page 989]

If someone makes it their regular routine to break their fast doing this dirty act it will be wajib to do the kaffarah according to some Scholars. That is why it is necessary to avoid committing this dirty act.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Abu Zayn